PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پاکستان اورآسٹریلیا کے درمیان پہلا ٹی ٹونٹی میچ بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوگیا

- تیز بارش کے باعث میچ مکمل نہ ہوسکا
- کپتان بابراعظم کی نصف سنچری

لاہور،3نومبر 2019ء:

پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان پہلا ٹی ٹونٹی میچ بارش کے باعث مکمل نہ ہوسکا۔میچ آفیشلز نے آؤٹ فیلڈ گیلی ہونے کے باعث میچ بے نتیجہ ختم کرنے کا اعلان کردیا۔

بارش سے متاثرہ میچ میں پاکستان نے پہلے کھیلتے مقررہ 15 اوورز میں 107 رنز بنائے۔میزبان آسٹریلیا کو ڈی ایل ایس میتھڈ کے تحت میچ جیتنے کے لیے119 رنز کا ہدف دیا گیا۔ جواب میں آسٹریلیا نے3.1 اوورز میں 41 رنز بنائے تھے کہ ایک بارپھر شدید بارش کے باعث میچ روک دیا گیا۔ بارش برسنے کے باعث آؤٹ فیلڈ گیلی رہنے پر میچ آفیشلز نے پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان پہلا ٹی ٹونٹی بے نتیجہ ختم کرنے کا اعلان کردیا۔

اس سے قبل میزبان ٹیم کے کپتان ایرون فنچ نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔پاکستان کی جانب سے اننگز کا آغاز متاثر کن نہ رہا اور محض 10کے مجموعی اسکور پر فخر زمان اور حارث سہیل آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔ تیسری وکٹ کے لیے کپتان بابراعظم اور محمد رضوان کے درمیان 60 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ وکٹ کیپر بیٹسمین محمد رضوان 31 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔

پاکستان نے 12 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 88 رنز بنائے تھے کہ بارش کے باعث میچ روک دیا گیا۔ دونوں ٹیموں کے میدان میں و اپسی پر میچ کو 15،15 اوورز تک محدود کردیا گیا۔

اننگز کے دوبارہ آغاز پر پاکستان کے بلے بازوں نے قدرے تیز کھیل پیش کیا اور مقررہ 15 اوورز میں 5وکٹوں کے نقصان پر 107 رنز بنائے۔ کپتان بابراعظم نے59 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔

ڈی ایل ایس میتھڈ کے تحت آسٹریلیا کو جیت کے لیے 119 رنز کا ہدف دیا گیا۔ میزبان ٹیم کے کپتان ایرون فنچ نے کریز سنبھالتے ہی جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور 16 گیندوں پر 37 رنزکی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ آسٹریلیا نے 3.1اوورز میں بغیر کسی نقصان کے 41 رنز بنائے تھے کہ سڈنی کرکٹ گراؤنڈ میں ایک بار پھر بادل برسنے کے باعث میچ کو روک دیا گیا۔

میچ آفیشلز نے صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان پہلا ٹی ٹونٹی میچ بے نتیجہ ختم کرنے کا اعلان کردیا۔

دونوں ٹیموں کے درمیان دوسرا ٹی ٹونٹی میچ 5 نومبر کو کینبرا میں کھیلا جائے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk